ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 لائیو اسٹریمنگ: رائٹس ہولڈر کاپی سی بی سے اظہارِ افسوس اور معذرت

دبئی، 30 مئی 2020ء:

ٹیک فرنٹ انٹرنیشنل ایف زیڈ ای آج پاکستان کرکٹ بورڈ سے اظہار افسوس کرتا ہے اور فریقین کے مابین تنازعہ کا مناسب حل تلاش کرنے پر زور دیتا ہے۔

ٹیک فرنٹ انٹرنیشنل ایف زیڈ ای نے اپنے ایک بیان میں کہا: "ٹیک فرنٹ انٹرنیشنل ایف زیڈ ای تسلیم کرتا ہے کہ وہ مخصوص سب لائسنسنگ کے سلسلے میں پی سی بی سے پیشگی اجازت طلب کرنے میں فعال نہیں رہا اور اس دوران یہ تمام عمل پی ایس ایل فائیو کے لائیو اسٹریمنگ رائٹس کے لیے پی سی بی کے ساتھ معاہدے کی روح اور شقوں کے مطابق نہیں رہا۔"

" ہم نے پی سی بی سے اظہار افسوس کرنے کے ساتھ ساتھ معافی طلب کی ہے اور اس معاملے پر ہم ان کی ہمدردانہ نظر کے منتظر ہیں۔"

پی سی بی نے کہا: "ہم رائٹس ہولڈر کی معذرت اور ان کی پیش کردہ وضاحت کو سراہتے ہیں۔ اپنی طرف سے پی سی بی مزید چوکس رہنے کے لیے سخت اقدامات اٹھانے کا خواہاں ہے؛ جیسا کہ اندرونی چھان بین کے عمل اور طریقہ کار کو مزید مؤثر بنانااور کرنے اور نہ کرنے کے حوالے سے اپنے شراکت داروں کی بہتر رہنمائی کے سلسلے میں واضح گائیڈ لائنز کے مستقل اجراء کو یقینی بنانا۔

اس معاملے پر 23 مارچ کو پی سی بی کی جانب سے جاری کردہ بیان یہاں موجود ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4